Lytteprøve

گاہک : میں اپنی سہیلی کے لئے تحفہ خریدنا چاہتی ہوں ۔
دکان دار : آپ کتنی رقم خرچ کرنا چاہتی ہیں ؟
گاہک : میں تقریباً پانچ سو روپئے خرچ کر سکتی ہوں ۔
دکان دار : آپ یہ سنگِ سلیمانی کا پھول دان خرید لیں ، تحفہ دینے کے لیے بہت اچھا ہے ۔
گاہک : اِس کی کیا قیمت ہے ؟
دکان دار : پانچ سو روپئے ۔
گاہک : یہ ہے تو خوبصورت لیکن ...
دکان دار : لیکن کیا ؟
گاہک : کیا یہ ممکن ہے کہ اِس کی قیمت تین سو ہو ... ؟
دکان دار : آپ کو میں ساڑھے چار سو میں ہی دے دیتا ہوں !
گاہک : کیا آپ تین سو پچاس لیں گے ؟
دکان دار : سوا چار سو دیجئے ۔
گاہک : وہ بھی کافی سہنگا ہے ۔ آخری قیمت بتائیے ۔
دکان دار : چار سو ۔
گاہک : چار سو میں لے لوں گی ۔ شکریہ ۔